# بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

**عنوان:۔** انرولمنٹ ریٹرن کلاس نہم و دہم سے متعلقہ ضروری رہنمائی

1۔ **N.O.C**

دوسرے بورڈز سے مائیگریشن کر کے آنے والے طلباء/طالبات متعلقہ بورڈ سے جاری کردہ زیرتعلیم مائیگریشن سرٹیفکیٹ/NOC کے اجراء کے 45 ایام کے اندر بورڈ ہذا سے الحاق یافتہ کسی بھی ادارہ میں داخلہ لے سکتے ہیں اور ادارہ کے سربراہان ایسے طلباء/طالبات کی انرولمنٹ ریٹرن کے ساتھ اس کے سابقہ بورڈ کے جاری کردہ مائیگریشن سرٹیفکیٹ/NOC، سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ، سکول کے لیٹر پیڈ پر سربراہ ادارہ کا وضاحتی مراسلہ اور انرولمنٹ فیس بحق بورڈ بنک میں جمع کروانے کا اصل چالان لف کر کے طالب علم/طالبہ کو سکول میں داخل کرنے کی تاریخ کے 10 دن کے اندر بورڈ ہذا کے آر اینڈ ڈی سیکشن میں دستی یا بذریعہ ڈاک جمع کروانے کے پابند ہیں بصورت تاخیر شق نمبر (iii) کے مطابق فیس و جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

2۔ انرولمنٹ فیس جمع کروانے کا اصل چالان فارم، مالیاتی فارم (Revenue Form) کے ساتھ چسپاں کرنا ضروری ہوگا۔ مالیاتی وضاحت کا فارم اور فارورڈنگ لیٹر (ترسیلی فارم) کے بغیر انرولمنٹ ریٹرن قبول نہیں کی جائے گی نیز انرولمنٹ ریٹرن جمع کرواتے وقت بورڈ سے **الحاق کا لیٹر** انرولمنٹ ریٹرن کے ساتھ لازمی لف کریں بصورت دیگر انرولمنٹ ریٹرن مسترد کر دی جائے گی اور بعد میں الحاق لیٹر پیش کرنے پر مذکورہ بالا شیڈول میں درج تفصیل کے مطابق فیس اور جرمانے کی ادائیگی سے جمع ہو سکے گی۔

3۔ انرولمنٹ فیس جو ایک مرتبہ بورڈ کے کھاتہ میں جمع ہو جائے گی۔ قابل واپسی نہ ہوگی اور **چیک کسی بھی صورت قابل قبول نہ ہوگا۔**

4۔ **مائیگریشن سکول ٹو سکول**

جماعت نہم/دہم میں زیرتعلیم طلباء/طالبات ایک سکول سے دوسرے سکول میں مائیگریشن کے سلسلے میں دفتر ہذا سے اجازت نامہ حاصل کر کے مائیگریشن کروا سکتے ہیں۔ جس کی فیس مبلغ -/1000 روپے مقرر ہے۔ مائیگریشن فارم دفتر ہذا کے سیل ڈپو پر قیمتاً اور بورڈ کی ویب سائیٹ پر بھی دستیاب ہیں۔ واضح رہے کہ دفتر ہذا کی اجازت کے بغیر کی گئی مائیگریشن قابل قبول نہ ہوگی نیز ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ (Download) کئے گئے فارم کی قیمت 50 روپے مائیگریشن فیس کے ساتھ ایک ہی چالان پر جمع کروانی ہوگی۔

5۔ **ریٹرن میں درستی کا طریقہ کار**

انرولمنٹ ریٹرن میں کوائف کی درستی/تبدیلی امتحان شروع ہونے سے پہلے سربراہ ادارہ کے جاری کردہ تصدیقی مراسلہ کے ساتھ، رجسٹر داخل خارج کی مصدقہ نقل بمعہ اصل رجسٹر (برائے ملاحظہ) پیش کرنے اور درستی فیس مبلغ -/150 روپے کی وصولی پر کی جائے گی۔ اگر اصل رجسٹر داخل خارج (حصہ ہائی) کے متعلقہ اندراج میں کٹنگ انک ریمور، فلیوڈ اور اوور رائیٹنگ یا شک ہو تو ایسی صورت میں حصہ پرائمری/حصہ مڈل کا داخل خارج رجسٹر بمعہ مصدقہ نقول ''ب'' فارم کے مطابق حصہ ہائی کے داخل خارج میں درستی کے بعد پیش کرنا ہوگا۔ امتحان شروع ہونے کے بعد رزلٹ شائع ہونے کے 30 ایام کے اندر مبلغ -/500 روپے فیس کی ادائیگی کے بعد مطلوبہ درستی/تبدیلی ہو سکے گی۔

6۔ طلباء/طالبات کے جو کوائف/ہجے (نام، ولدیت، تاریخ پیدائش وغیرہ) انرولمنٹ ریٹرن میں درج کئے جائیں وہی کوائف/ہجے ان کے داخلہ فارم پر بھی درج کئے جائیں لہٰذا انرولمنٹ ریٹرن میں طلباء/طالبات کے کوائف درست طور پر درج کر کے انہیں ملاحظہ کروا کے ان سے مخصوص کالم میں دستخط کروائے جائیں۔

7۔ **بیرون ملک سے آمدہ کیس:۔**

بیرون ملک کے کسی گورنمنٹ یا پرائیویٹ منظور شدہ ادارہ سے سرٹیفکیٹ لے کر آنے والے امیدواران اپنے کوائف پاکستانی سفارتخانہ/منسٹری آف ایجوکیشن سے تصدیق کے بعد دوران سال امتحان سے 30 یوم قبل تک کسی بھی وقت داخلہ لے سکتے ہیں تاہم ترسیل ریٹرن کی دیگر شرائط و جرمانہ شق نمبر (iii) کے مطابق ادا کرنے ہونگے۔

8۔ **مضامین میں تبدیلی:۔**

انرولمنٹ ریٹرن جمع ہونے کے تین (03) ماہ کے اندر اندر سربراہ ادارہ کی وساطت سے تبدیلی مضمون کا فارم بمعہ مروجہ فیس مبلغ -/400 روپے فی مضمون اور مبلغ -/1000 روپے تبدیلی گروپ کی صورت میں اصل بینک چالان کے ساتھ دفتر ہذا میں موصول ہونی چاہئے نیز تاخیر کی صورت میں کسی بھی مضمون/مضامین کو ہرگز تبدیل نہیں کیا جائے گا۔ نیز ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ (Download) کئے گئے یا فوٹو کاپی فارم کی قیمت 50 روپے تبدیلی مضمون فیس کے ساتھ جمع کروانی ہوگی۔

(ڈاکٹر عبدالرزاق شاہد)

سیکرٹری